

# اَلۡاَحۡزَاب

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَ لَا تُطِعِ<br>الْكٰفِرِيْنَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ<br>عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾ | اے نبی ڈرتے رہو اللہ سے اور نہ اطاعت<br>کرنا کافروں اور منافقوں کی ۔ بیشک اللہ ہے<br>جاننے والا بڑی حکمت والا ۔ |
| وَّ اتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ<br>اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿۲﴾ | اور پیروی کرو اسکی جو وحی کی جاتی ہے تم پر<br>تمہارے رب کی طرف سے ۔ بیشک اللہ ہے<br>اس سے جو تم کرتے ہو باخبر ۔ |
| وَّ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ<br>وَكِيْلًا ﴿۳﴾ | اور توکل کرو اللہ پر اور کافی ہے اللہ کام<br>بنانے والا ۔ |
| مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِىْ<br>جَوْفِهٖ ۚ وَ مَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـئِ<br>تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ | نہیں بنائے اللہ نے کسی شخص کیلئے دو دل<br>اسکے سینے میں ۔ اور نہ بنایا تمہاری بیویوں کو جنکو<br>کہہ دیتے ہو تم ماں ان میں سے تمہاری |

| | |
|---|---|
| اَدۡعِیَآءَکُمۡ اَبۡنَآءَکُمۡ ؕ ذٰلِکُمۡ قَوۡلُکُمۡ بِاَفۡوَاہِکُمۡ ؕ وَاللّٰہُ یَقُوۡلُ الۡحَقَّ وَ ہُوَ یَہۡدِی السَّبِیۡلَ ﴿۴﴾ | مائیں ۔ اور نہ بنایا تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے ۔ یہ باتیں ہیں تمہارے منہ کی ۔ اور اللہ فرماتا ہے سچ اور وہ ھدایت دیتا ہے راستہ پر ۔ |
| اُدۡعُوۡہُمۡ لِاٰبَآئِہِمۡ ہُوَ اَقۡسَطُ عِنۡدَ اللّٰہِ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡۤا اٰبَآءَہُمۡ فَاِخۡوَانُکُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَ مَوَالِیۡکُمۡ ؕ وَ لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ فِیۡمَاۤ اَخۡطَاۡتُمۡ بِہٖ ۙ وَ لٰکِنۡ مَّا تَعَمَّدَتۡ قُلُوۡبُکُمۡ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ﴿۵﴾ | پکارا کرو انہیں انکے باپوں کی نسبت سے یہی زیادہ منصفانہ ہے اللہ کے نزدیک ۔ پس اگر نہ معلوم ہوں تمکو انکے باپ تو تمہارے بھائی ہیں دین میں اور تمہارے دوست ہیں ۔ اور نہیں تم پر گناہ اس میں تم سے غلطی ہو گئی جسکی ۔ لیکن جو ارادہ کرو اپنے دلوں سے ۔ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔ |
| اَلنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَ اَزۡوَاجُہٗۤ اُمَّہٰتُہُمۡ ؕ وَ اُولُوا الۡاَرۡحَامِ بَعۡضُہُمۡ اَوۡلٰی بِبَعۡضٍ فِیۡ کِتٰبِ اللّٰہِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُہٰجِرِیۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَفۡعَلُوۡۤا اِلٰۤی اَوۡلِیٰٓئِکُمۡ مَّعۡرُوۡفًا ؕ کَانَ ذٰلِکَ فِی الۡکِتٰبِ مَسۡطُوۡرًا ﴿۶﴾ | نبی زیادہ مقدم ہے مومنوں پر انکی جانوں سے اور اسکی بیویاں مائیں ہیں اُنکی ۔ اور رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہیں اللہ کی کتاب کی رو سے بنسبت مومنوں اور مہاجروں کے ۔ مگر یہ کہ تم کرنا چاہو اپنے دوستوں کے ساتھ احسان ۔ ہے یہ کتاب میں لکھ دیا گیا ۔ |

| | |
|---|---|
| وَ اِذۡ اَخَذۡنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیۡثَاقَهُمۡ وَمِنۡكَ وَمِنۡ نُّوۡحٍ وَّ اِبۡرٰهِیۡمَ وَمُوۡسٰی وَعِیۡسَی ابۡنِ مَرۡیَمَ ۠ وَاَخَذۡنَا مِنۡهُمۡ مِّیۡثَاقًا غَلِیۡظًا ۙ﴿۷﴾ | اور جب لیا ہم نے نبیوں سے انکا عہد اور تم سے اور نوح سے اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ ابن مریم سے۔ اور لیا ہم نے ان سے عہد بہت مضبوط۔ |
| لِّیَسۡـَٔلَ الصّٰدِقِیۡنَ عَنۡ صِدۡقِهِمۡ ۚ وَاَعَدَّ لِلۡكٰفِرِیۡنَ عَذَابًا اَلِیۡمًا ﴿۸﴾ | تاکہ وہ دریافت کرے سچ کہنے والوں سے انکی سچائی کے بارے میں۔ اور اس نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لئے عذاب دکھ دینے والا۔ |
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَیۡكُمۡ اِذۡ جَآءَتۡكُمۡ جُنُوۡدٌ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَیۡهِمۡ رِیۡحًا وَّ جُنُوۡدًا لَّمۡ تَرَوۡهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرًا ﴿۹﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے یاد کرو اس نعمت کو اللہ کی اپنے اوپر جب چڑھ آئیں تم پر فوجیں تو بھیجی ہم نے ان پر آندھی اور ایسے لشکر نہیں دیکھ سکتے تھے تم جنکو اور ہے اللہ اسکو جو کچھ تم کرتے ہو دیکھنے والا۔ |
| اِذۡ جَآءُوۡكُمۡ مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ وَ مِنۡ اَسۡفَلَ مِنۡكُمۡ وَ اِذۡ زَاغَتِ الۡاَبۡصَارُ وَبَلَغَتِ الۡقُلُوۡبُ الۡحَنَاجِرَ وَ تَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوۡنَا ؕ﴿۱۰﴾ | جب وہ چڑھ آئے تم پر تمہارے اوپر سے اور تمہارے نیچے کی طرف سے اور جب پتھرا گئی تھیں آنکھیں اور پہنچ گئے دل گلوں تک اور تم گمان کرنے لگے اللہ کی نسبت طرح طرح کے گمان۔ |

| | |
|---|---|
| هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَ زُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا ﴿١١﴾ | یہاں اس موقع پر آزمائے گئے ایمان والے اور ہلا ہلا دیئے گئے جھٹکوں سے شدت کے ۔ |
| وَ اِذْ يَقُولُ الْمُنٰفِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهٗٓ اِلَّا غُرُورًا ﴿١٢﴾ | اور جب کہنے لگے منافقین اور وہ لوگ جنکے دلوں میں بیماری تھی کہ نہیں وعدہ کیا تھا ہم سے اللہ اور اسکے رسول نے مگر دھوکے کا۔ |
| وَ اِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ اِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيدُونَ اِلَّا فِرَارًا ﴿١٣﴾ | اور جب کہتی تھی ایک جماعت ان میں سے کہ اے اہل یثرب نہیں ٹھہرنے کا مقام تمہارے لئے تو لوٹ چلو۔ اور اجازت مانگنے لگا ایک گروہ ان میں سے نبی سے۔ کہنے لگے بلاشبہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں۔ حالانکہ نہیں تھے وہ کھلے ۔ نہیں چاہتے تھے وہ مگر فرار ہونا۔ |
| وَ لَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَ مَا تَلَبَّثُوا بِهَآ اِلَّا يَسِيرًا ﴿١٤﴾ | اور اگر داخل ہوجائیں (فوجیں) ان پر اس (مدینہ) کے اطراف سے پھر کہا جائے ان سے فتنے کے لئے تو ضرور کرنے لگیں گے اور نہ توقف کریں گے اسکا مگر بہت کم۔ |
| وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ | حالانکہ وہ عہد کر چکے تھے اللہ سے اس سے |

| | |
|---|---|
| لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾ | پہلے کہ نہیں پھیریں گے پیٹھیں ۔ اور ہو گی اللہ سے کئے ہوئے عہد کی پوچھ گچھ ۔ |
| قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ | کہدو کہ ہرگز نہیں فائدہ دے گا تمکو فرار ہونا اگر تم فرار ہوتے ہو موت سے یا قتل ہوجانے سے اور اس صورت میں نہ تم فائدہ اٹھا پاؤ گے مگر بہت تھوڑا ۔ |
| قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ | کہدو کہ کون ہے وہ ذات جو تمکو بچا سکے اللہ سے اگر وہ ارادہ کرلے تمہارے ساتھ برائی کا یا ارادہ کرلے تم پر مہربانی کا ۔ اور نہ پائیں گے وہ اپنے لئے سوائے اللہ کے کوئی دوست اور نہ مددگار ۔ |
| قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۱۸﴾ | یقیناً جانتا ہے اللہ رکاوٹیں ڈالنے والوں کو تم میں سے اور کہنے والوں کو اپنے بھائیوں سے کہ چلے آؤ ہمارے پاس ۔ اور نہیں آتے وہ لڑائی میں مگر بہت کم ۔ |
| اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖۚ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ | بخل کرتے ہیں تمہارے بارے میں ۔ پھر |

رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ
اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ
الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ
بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ
اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ ۭ
اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ
يَسِيْرًا ۝١٩

جب آجائے ڈر کا وقت تو تم انکو دیکھو کہ دیکھ
رہے ہیں تمہاری طرف پھر رہی ہیں انکی
آنکھیں جیسے کسی کو غشی آرہی ہو اس پر موت
سے۔ پھر جب جاتا رہے خوف تو باتیں کریں
تمہارے بارے میں تیز تیز زبانوں کے ساتھ
بخیل ہوکر مال میں۔ یہ لوگ نہ ہی لائے تھے
ایمان تو برباد کر دیئے اللہ نے انکے اعمال۔ اور
تھا یہ اللہ کو بہت آسان۔

يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ
وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ
اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ ۭ
عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا
قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ۝٢٠

خیال کرتے ہیں وہ کہ فوجیں نہیں گئیں۔ اور
اگر آجائیں لشکر تو تمنا کریں گے کاش وہ
جارہیں خانہ بدوشوں میں پوچھتے رہیں تمہاری
خبریں۔ اور اگر ہوں وہ تمہارے درمیان تو نہ
لڑائی کریں مگر بہت کم۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ
حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ
الْاٰخِرَ ۭ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۝٢١

یقیناً ہے تمہارے لئے اللہ کے رسول میں
نمونہ بہترین ہر اس شخص کے لئے جسے امید ہو
اللہ کی اور روز قیامت کی اور وہ ذکر کرتا ہو اللہ کا
کثرت سے۔

وَ لَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا
هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ
صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ۫ وَ مَا زَادَهُمْ
اِلَّاۤ اِيْمَانًا وَّ تَسْلِيْمًا ؕ ۲۲

اور جب دیکھا مومنوں نے فوجوں کو۔ تو کہنے
لگے یہ وہی ہے جس کا وعدہ کیا تھا ہم سے اللہ
اور اسکے رسول نے اور سچ کہا تھا اللہ اور اسکے
رسول نے۔ اور نہ زیادہ ہوئی ان کی مگر ایمان اور
اطاعت۔

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا
عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ
قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ
وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۙ ۲۳

مومنوں میں وہ لوگ ہیں جنہوں نے سچ کر دکھایا
جو اقرار کیا تھا انہوں نے اللہ سے اسکو۔ پھر ان
میں وہ ہیں جنہوں نے پوری کر دی اپنی نذر اور
ان میں وہ ہیں جو انتظار کر رہے ہیں۔ اور نہیں
بدلا انہوں نے۔ ذرا بھی تبدیلی۔

لِّيَجْزِىَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ
وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ
يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا ۚ ۲۴

تاکہ جزا دے اللہ سچوں کو انکی سچائی کی اور
عذاب دے منافقوں کو اگر چاہے یا توبہ قبول
کرلے ان کی۔ بیشک اللہ ہے بخشنے والا مہربان
۔

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ
يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ
الْقِتَالَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۚ ۲۵

اور لوٹا دیا اللہ نے انکو جنہوں نے کفر کیا
انکے غصے میں بھرا ہوا۔ نہ حاصل کر سکے کچھ
بھلائی۔ اور کافی ہوگیا اللہ مومنوں کیلئے لڑائی
میں اور ہے اللہ زورآور غالب۔

وَاَنۡزَلَ الَّذِيۡنَ ظَاهَرُوۡهُمۡ مِّنۡ اَهۡلِ
الۡكِتٰبِ مِنۡ صَيَاصِيۡهِمۡ وَقَذَفَ فِىۡ
قُلُوۡبِهِمُ الرُّعۡبَ فَرِيۡقًا تَقۡتُلُوۡنَ
وَتَاۡسِرُوۡنَ فَرِيۡقًا ﴿۲۶﴾

اور اتار دیا اس نے انکو جنہوں نے انکی مدد کی
تھی اہل کتاب میں سے اُنکے قلعوں سے اور
ڈال دی اُنکے دلوں میں دہشت ۔ تو ایک
گروہ کو تم قتل کر دیتے تھے اور قید کر لیتے تھے
ایک گروہ کو۔

وَ اَوۡرَثَكُمۡ اَرۡضَهُمۡ وَ دِيَارَهُمۡ وَ
اَمۡوَالَهُمۡ وَ اَرۡضًا لَّمۡ تَطَـُٔوۡهَا ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرًا ﴿۲۷﴾

اور وارث بنا دیا اس نے تمکو انکی زمین کا اور
انکے گھروں کا اور انکے مالوں کا اور اس زمین
کا نہیں قدم بھی رکھا تم نے جس میں۔
اور ہے اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلۡ لِّاَزۡوَاجِكَ اِنۡ
كُنۡتُنَّ تُرِدۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا وَ زِيۡنَتَهَا
فَتَعَالَيۡنَ اُمَتِّعۡكُنَّ وَ اُسَرِّحۡكُنَّ
سَرَاحًا جَمِيۡلًا ﴿۲۸﴾

اے نبی کہدو اپنی بیویوں سے اگر ہو تم
طلبگار دنیا کی زندگی کی اور اسکی زینت کی تو آؤ
میں تمہیں کچھ مال دوں اور تم کو رخصت کر
دوں۔ ایک اچھی رخصت ۔

وَ اِنۡ كُنۡتُنَّ تُرِدۡنَ اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗ
وَالدَّارَ الۡاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ
لِلۡمُحۡسِنٰتِ مِنۡكُنَّ اَجۡرًا
عَظِيۡمًا ﴿۲۹﴾

اور اگر ہو تم طلبگار اللہ اور اسکے رسول کی اور
آخرت کے گھر کی تو یقیناً اللہ نے تیار کر رکھا
ہے نیکوکاروں کے لئے تم میں سے اجر عظیم۔

| | |
|---|---|
| يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنۡ يَّاۡتِ مِنۡكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفۡ لَهَا الۡعَذَابُ ضِعۡفَيۡنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرًا ۝۳۰ | اے بیویوں نبی کی جو کوئی کرے گی تم میں سے ناشائستہ حرکت کھلی ہوئی ۔ دیا جائے گا اسکو عذاب دوگنا ۔ اور ہے یہ بات اللہ کو بہت آسان ۔ |
| وَمَنۡ يَّقۡنُتۡ مِنۡكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتَعۡمَلۡ صَالِحًا نُّؤۡتِهَاۤ اَجۡرَهَا مَرَّتَيۡنِ ۙ وَاَعۡتَدۡنَا لَهَا رِزۡقًا كَرِيۡمًا ۝۳۱ | اور جو فرمانبردار رہے گی تم میں سے اللہ کی اور اسکے رسول کی اور کرے گی عمل نیک ۔ دیں گے ہم اسکو اس کا اجر دوگنا اور تیار کر رکھا ہے ہم نے اسکے لئے رزق عزت کا ۔ |
| يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسۡتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيۡتُنَّ فَلَا تَخۡضَعۡنَ بِالۡقَوۡلِ فَيَطۡمَعَ الَّذِىۡ فِىۡ قَلۡبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلۡنَ قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا ۝۳۲ | اے بیویوں نبی کی نہیں ہو تم کسی اور طرح کی عورتوں میں سے ۔ اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو نہ اختیار کرو نرمی بات کرنے میں کہ لالچ میں پڑ جائے وہ شخص جسکے دل میں روگ ہے ۔ اور کہا کرو تم بات دستور کے مطابق ۔ |
| وَقَرۡنَ فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ الۡاُوۡلٰى وَاَقِمۡنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيۡنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعۡنَ | اور ٹھہری رہو اپنے گھروں میں اور نہ اظہار زینت کرو ۔ زیب و نمائش پہلے دور جاہلیت کی ۔ اور قائم کرتی رہو نماز اور دیتی رہو زکوٰۃ اور |

اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ
لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ
الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾

اطاعت کرتی رہو اللہ اور اسکے رسول کی۔ بس
چاہتا ہے اللہ کہ دور کر دے تم سے رجس اے
اہل بیت اور تمکو پاک کر دے۔ بہت پاک۔

وَ اذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ
مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَ الْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

اور یاد رکھو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں
میں اللہ کی آیتیں اور حکمت کی باتیں۔ بیشک
اللہ ہے باریک بین باخبر۔

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمٰتِ
وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْقٰنِتِيْنَ
وَالْقٰنِتٰتِ وَ الصّٰدِقِيْنَ وَ الصّٰدِقٰتِ
وَالصّٰبِرِيْنَ وَ الصّٰبِرٰتِ وَ الْخٰشِعِيْنَ
وَالْخٰشِعٰتِ وَ الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَ
الْمُتَصَدِّقٰتِ وَ الصَّآئِمِيْنَ
وَالصّٰٓئِمٰتِ وَ الْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ
وَالْحٰفِظٰتِ وَ الذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ

یقیناً مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد
اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار
عورتیں اور راستباز مرد اور راستباز عورتیں اور صبر
کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور
عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی
عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات
کرنے والی عورتیں اور روزے رکھنے والے مرد
اور روزے رکھنے والی عورتیں اور حفاظت کرنے
والے مرد اپنی شرمگاہوں کی اور حفاظت کرنے
والی عورتیں اور یاد کرنے والے مرد اللہ کو

| | |
|---|---|
| كَثِيْرًا وَّ الذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ | کثرت سے اور یاد کرنے والی عورتیں۔ تیار کر رکھا ہے اللہ نے انکے لئے مغفرت اور اجر عظیم۔ |
| وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ | اور نہیں ہے (حق) کسی مومن مرد کو اور نہ مومن عورت کو کہ جب فیصلہ کر دے اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے کا تو رہ جائے ان کے پاس کچھ اختیار اپنے معاملات میں۔ اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ اور اسکے رسول کی تو بیشک وہ گمراہ ہوگیا۔ کھلی گمراہی میں۔ |
| وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ وَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ | اور جب تم کہتے تھے اس شخص سے احسان کیا تھا اللہ نے جس پر اور تم نے احسان کیا تھا اس پر کہ رہنے دے اپنے پاس اپنی بیوی کو اور ڈر اللہ سے اور چھپا رہے تھے تم اپنے دل میں وہ جسکو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور ڈرتے تھے تم لوگوں سے۔ حالانکہ اللہ زیادہ مستحق ہے کہ ڈرو اس سے ۔ پھر جب پوری کرلی زید نے اس سے اپنی حاجت تو نکاح کر دیا ہم نے تمہارا اس سے تاکہ نہ رہے مومنوں پر تنگی انکے منہ |

أَدْعِيَآئِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ﴿٣٧﴾

بولے بیٹوں کی بیویوں کے بارے میں جب وہ پوری کرلیں ان سے اپنی حاجت ۔اور ہے اللہ کا حکم واقع ہوکر رہنے والا ۔

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ ۖ سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَقْدُورًا ﴿٣٨﴾

نہیں ہے نبی پر کوئی تنگی اس میں جو فرض کر دیا اللہ نے اسکے لئے ۔ یہی سنت ہے اللہ کی اُن کے بارے میں جو گذر چکے ہیں پہلے۔ اور ہے اللہ کا حکم طے شدہ۔ قطعی طے شدہ۔

الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللَّهَ ۗ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا ﴿٣٩﴾

وہ جو پہنچاتے ہیں اللہ کے پیغامات اور ڈرتے ہیں اس سے اور نہیں ڈرتے کسی اور سے سوائے اللہ کے۔ اور کافی ہے اللہ حساب کو۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَٰكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿٤٠﴾

نہیں ہیں محمد باپ کسی کے تمہارے مردوں میں سے لیکن رسول ہیں اللہ کے اور آخری ہیں نبیوں میں۔ اور ہے اللہ ہر چیز سے واقف۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ﴿٤١﴾

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو ذکر کیا کرو اللہ کا۔ ذکر کثرت کے ساتھ۔

| | |
|---|---|
| وَّ سَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّ اَصِيۡلًا ﴿۴۲﴾ | اور تسبیح بیان کرتے رہو اسکی صبح اور شام ۔ |
| هُوَ الَّذِىۡ يُصَلِّىۡ عَلَيۡكُمۡ وَ مَلٰٓـئِكَتُهٗ لِيُخۡرِجَكُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ‌ؕ وَكَانَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَحِيۡمًا ﴿۴۳﴾ | وہ ہی تو ہے جو رحمت بھیجتا ہے تم پر اور اسکے فرشتے تاکہ نکال لائے تم کو اندھیروں سے روشنی کی طرف ۔ اور وہ ہے مومنوں پر مہربان ۔ |
| تَحِيَّتُهُمۡ يَوۡمَ يَلۡقَوۡنَهٗ سَلٰمٌ ۖۚ وَ اَعَدَّ لَهُمۡ اَجۡرًا كَرِيۡمًا ﴿۴۴﴾ | ان کی دعا جس روز وہ اس سے ملیں گے سلام ہے ۔ اور اس نے تیار کر رکھا ہے انکے لئے اجر عزت والا ۔ |
| يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّ نَذِيۡرًا ۙ﴿۴۵﴾ | اے نبی بیشک ہم نے بھیجا ہے تمکو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور خبردار کرنے والا ۔ |
| وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذۡنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيۡرًا ﴿۴۶﴾ | اور بلانے والا اللہ کی طرف اسی کے حکم سے اور چراغ روشن ۔ |
| وَ بَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ بِاَنَّ لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ فَضۡلًا كَبِيۡرًا ﴿۴۷﴾ | اور خوشخبری سنا دو مومنوں کو کہ انکے لئے ہے اللہ کی طرف سے فضل بہت بڑا ۔ |
| وَ لَا تُطِعِ الۡكٰفِرِيۡنَ وَ الۡمُنٰفِقِيۡنَ ؕ وَدَعۡ اَذٰٮهُمۡ وَ تَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ | اور نہ کہا ماننا کافروں کا اور منافقوں کا اور پرواہ نہ کرنا انکے تکلیف دینے پر اور بھروسہ رکھنا |

| | |
|---|---|
| وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ | اللہ پر۔ اور کافی ہے اللہ کارساز۔ |
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ<br>الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ<br>اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ<br>مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ<br>وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو جب تم نکاح<br>کرو مومن عورتوں سے پھر طلاق دیدو ان کو اس<br>سے پہلے کہ تم نے انہیں ہاتھ لگایا ہو تو نہیں<br>تمہارے لئے لازم ان کے اوپر کوئی عدّت کہ<br>ان سے پوری کراؤ۔ توانکو کچھ متاع دے دو اور<br>انکو رخصت کر دو۔ ایک اچھی رخصت۔ |
| يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ<br>اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ<br>وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ<br>اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ<br>عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ<br>خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫<br>وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا<br>لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ<br>يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ<br>دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا | اے نبی بیشک ہم نے حلال کر دی ہیں<br>تمہارے لئے تمہاری بیویاں جنکو تم نے دیئے<br>ہیں انکے مہر اور تمہاری باندیاں ان میں سے<br>جو غنیمت میں دلوائی ہیں اللہ نے تمکو اور<br>بیٹیاں تمہارے چچا کی اور بیٹیاں تمہاری<br>پھوپھیوں کی اور بیٹیاں تمہارے ماموؤں کی اور<br>بیٹیاں تمہاری خالاؤں کی وہ جنہوں نے ہجرت<br>کی ہے تمہارے ساتھ۔ اور کوئی عورت مومنہ<br>اگر نذر کر دے اپنے آپکو نبی کے اگر چاہے نبی کہ<br>اس سے نکاح کرلے۔ خالصتاً تمہارے لئے |

فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَ مَا
مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ
عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا ﴿50﴾

ہے علاوہ اور مومنوں کے۔ یقیناً ہمیں معلوم ہے جو فرض کر دیا ہے ہم نے ان پر انکی بیویوں کے بارے میں اور باندیوں کے تاکہ نہ رہے تم پر تنگی اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان۔

تُرْجِيْ مَنْ تَشَاۗءُ مِنْهُنَّ وَ تُــْٔوِيْٓ
اِلَيْكَ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ وَ مَنِ ابْتَغَيْتَ
مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ
ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا
يَحْزَنَّ وَ يَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ
كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿51﴾

دور رکھو جس کو تم چاہو ان میں سے اور پاس رکھو اپنے جسے تم چاہو۔ اور جسکو تم اپنے پاس طلب کر لو ان میں سے جنکو دور کر دیا تھا تو نہیں گناہ تم پر۔ یہ زیادہ قریب ہے کہ ٹھنڈی رہیں انکی آنکھیں اور نہ ہوں وہ رنجیدہ اور راضی رہیں اس پر جو تم انکو دو وہ سب کی سب۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے۔ اور ہے اللہ جاننے والا بردبار۔

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاۗءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ
تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ
حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ۭ
وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿52﴾

نہیں حلال تمہارے لئے عورتیں اسکے بعد اور نہ یہ کہ تم بدلو ان کی جگہ اور بیویاں اگرچہ تمہیں اچھا ہی لگے ان کا حسن سوائے تمہاری باندیوں کے۔ اور ہے اللہ ہر چیز پر نگہبان۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَدۡخُلُوۡا
بُيُوۡتَ النَّبِىِّ اِلَّاۤ اَنۡ يُّؤۡذَنَ لَـكُمۡ
اِلٰى طَعَامٍ غَيۡرَ نٰظِرِيۡنَ اِنٰٮهُ ۙ وَلٰـكِنۡ
اِذَا دُعِيۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡا فَاِذَا طَعِمۡتُمۡ
فَانۡتَشِرُوۡا وَلَا مُسۡتَاۡنِسِيۡنَ لِحَدِيۡثٍ ؕ
اِنَّ ذٰلِكُمۡ كَانَ يُؤۡذِى النَّبِىَّ
فَيَسۡتَحۡىٖ مِنۡكُمۡ وَاللّٰهُ لَا يَسۡتَحۡىٖ
مِنَ الۡحَـقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلۡتُمُوۡهُنَّ مَتَاعًا
فَسۡـَٔـلُوۡهُنَّ مِنۡ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمۡ
اَطۡهَرُ لِقُلُوۡبِكُمۡ وَقُلُوۡبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ
لَـكُمۡ اَنۡ تُؤۡذُوۡا رَسُوۡلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنۡ
تَنۡكِحُوۡۤا اَزۡوَاجَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖۤ اَبَدًا ؕ
اِنَّ ذٰلِكُمۡ كَانَ عِنۡدَ اللّٰهِ عَظِيۡمًا ۝٥٣

اے وہ لوگوں جو ایمان لائے نہ داخل ہو گھروں
میں نبی کے سوائے یہ کہ اجازت دی جائے
تمکو کھانے کیلیئے۔ نہ انتظار کرتے رہو اسکے پکنے
کا۔ لیکن جب تمہیں بلایا جائے تو داخل ہو
پھر جب کھانا کھا چکو تو منتشر ہو جاؤ اور نہ جی لگا کر
بیٹھے رہو باتوں میں ۔ بیشک تمہاری یہ بات
ایذا دیتی ہے نبی کو پس وہ حیا کرتے ہیں تم
سے اور اللہ نہیں شرماتا حق بات کہنے سے ۔
اور جب مانگو ان سے کوئی شے تو مانگو ان سے
پردے کے باہر سے ۔ تمہاری یہ بات زیادہ
پاکیزگی کی ہے تمہارے دلوں کے لئے اور ان
کے دلوں کیلیئے۔ اور نہیں ہے (مناسب)
تمہارے لئے کہ تکلیف دو رسول اللہ کو اور نہ یہ
کہ نکاح کرو انکی بیویوں سے انکے بعد کبھی۔
بیشک یہ ہے اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ) ۔

اِنۡ تُبۡدُوۡا شَيۡـئًا اَوۡ تُخۡفُوۡهُ فَاِنَّ اللّٰهَ
كَانَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمًا ۝٥٤

اگر تم ظاہر کرو کسی چیز کو یا مخفی رکھو اسکو تو بیشک
اللہ ہے ہر شے سے باخبر۔

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ
اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ
اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا
نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ
وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ
شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿٥٥﴾

نہیں گناہ ان پر اپنے باپوں سے (پردہ نہ
کرنے میں) اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے
بھائیوں سے اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ
اپنے بھانجوں سے اور نہ اپنی خواتین سے اور نہ
اپنے باندی غلاموں سے اور ڈرتی رہو اللہ
سے۔ بیشک اللہ ہے ہر چیز سے واقف۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰۗئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَي
النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾

بیشک اللہ اور اسکے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی
(ﷺ) پر۔ اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو تم
درود بھیجو انپر اور سلام بھیجو۔ کثرت سے سلام۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿٥٧﴾

بیشک وہ لوگ جو اذیت پہنچاتے ہیں اللہ اور
اسکے رسول کو لعنت کرتا ہے ان پر اللہ دنیا
میں اور آخرت میں اور تیار کر رکھا ہے اس نے
انکے لئے عذاب ذلیل کرنے والا۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ
احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا

اور وہ لوگ جو ایذا دیتے ہیں مومن مردوں اور
مومن عورتوں کو بغیر اسکے جو انہوں نے کیا ہو تو
یقیناً انہوں نے اٹھایا اپنے اوپر بہتان اور صریح

مُّبِيْنًا ٥٨

گناہ ۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ
وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ
عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى
اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ٥٩

اے نبی کہدو اپنی بیویوں سے اور اپنی بیٹیوں
سے اور مومنوں کی عورتوں سے کہ ڈال لیا کریں
اپنے اوپر اپنی چادریں ۔ یہ قریب تر ہے کہ انکی
پہچان ہوجائے تو نہ ایذا دی جائے انہیں ۔ اور
ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِىْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ الْمُرْجِفُوْنَ فِى
الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا
يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَاۤ اِلَّا قَلِيْلًا ۛۚ ٦٠

اگر نہ باز آئیں گے منافقین اور وہ لوگ جنکے
دلوں میں روگ ہے اور جھوٹی افواہیں
اڑانے والے مدینے میں تو ہم ضرور پیچھے لگا
دیں گے تمکو انکے پھر نہ رہ سکیں گے وہ
تمہارے ہمسائے اس میں مگر تھوڑے دن ۔

مَّلْعُوْنِيْنَ ۛۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْۤا اُخِذُوْا
وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ٦١

پھٹکارے ہوئے ۔ جہاں کہیں پائے جائیں
پکڑے جائیں اور قتل کئے جائیں ۔ سخت قتل ۔

سُنَّةَ اللّٰهِ فِى الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ
وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ٦٢

یہی دستور ہے اللہ کا ان لوگوں کے بارے
میں جو گذر چکے ہیں پہلے ۔ اور ہرگز نہ پاؤ گے
تم اللہ کے دستور میں تغیر وتبدل ۔

يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلْ
اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ
لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾

سوال کرتے ہیں تم سے لوگ قیامت کے بارے میں ۔ کہدو کہ در حقیقت اس کا علم اللہ ہی کے پاس ہے ۔ اور کیا تمہیں معلوم کہ شاید قیامت آگئی ہو قریب ہی ۔

اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ
سَعِيْرًا ۙ ﴿٦٤﴾

بیشک اللہ نے لعنت کی ہے کافروں پر اور تیار کر رکھی ہے انکے لئے جہنم کی آگ ۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾

رہیں گے وہ اس میں ہمیشہ ۔ نہ پائیں گے کوئی دوست اور نہ مددگار۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ
يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا
الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾

جس دن الٹ پلٹ کئے جائیں انکے چہرے آگ میں تو کہیں گے اے کاش ہم اطاعت کرتے اللہ کی اور اطاعت کرتے رسول کی ۔

وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا
وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾

اور کہیں گے ہمارے رب بیشک ہم نے اطاعت کی اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑوں کی تو بھٹکا دیا انہوں نے ہمکو راستے سے ۔

رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ
وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾

ہمارے رب دے انکو دگنا عذاب اور کر لعنت ان پر ۔ بہت بڑی لعنت ۔

| | |
|---|---|
| اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو نہ ہونا تم ان لوگوں جیسے اذیت پہنچائی جنہوں نے موسیٰ کو تو بری ثابت کر دیا اسکو اللہ نے اس سے جو کہا انہوں نے ۔اور وہ تھا اللہ کے نزدیک باآبرو۔ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوۡا ؕ وَكَانَ عِنۡدَ اللّٰهِ وَجِيۡهًا ؕ ﴿۶۹﴾ |
| اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور کہا کرو بات سیدھی ۔ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا سَدِيۡدًا ۙ ﴿۷۰﴾ |
| سنوار دے گا وہ تمہارے لئے تمہارے اعمال اور بخش دے گا تمہاری خاطر تمہارے گناہوں کو۔ اور جو کوئی اطاعت کرے گا اللہ اور اسکے رسول کی تو بیشک وہ مراد پائے گا ۔بہت بڑی مراد۔ | يُّصۡلِحۡ لَـكُمۡ اَعۡمَالَـكُمۡ وَيَغۡفِرۡ لَـكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ ؕ وَمَنۡ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِيۡمًا ﴿۷۱﴾ |
| بیشک ہم نے پیش کیا اس امانت کو آسمانوں کو اور زمین اور پہاڑوں کو تو انہوں نے انکار کیا کہ وہ اسکو اٹھائیں اور وہ ڈر گئے اس سے ۔ اور اٹھا لیا اسکو انسان نے ۔ بیشک وہ ہے بڑا ظالم بڑا جاہل ۔ | اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَيۡنَ اَنۡ يَّحۡمِلۡنَهَا وَاَشۡفَقۡنَ مِنۡهَا وَحَمَلَهَا الۡاِنۡسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوۡمًا جَهُوۡلًا ۙ ﴿۷۲﴾ |

لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ وَ يَتُوْبَ
اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾

تا کہ عذاب دے اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو اور توبہ قبول کرے اللہ مومن مردوں کی اور مومن عورتوں کی ۔ اور ہے اللہ بہت بخشنے والا ہے بڑا مہربان ۔